اللہ کے نبی ﷺ ہر رات جب بستر پر تشریف لے جاتے، تو دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر ان میں پھونک مارتے اور ان پر قُل هُوَ اللهُ أَحَد قُل أعوذُ بِربِ الفلقِ اور قُل أعوذُ بربِ الناسِ

عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ ہر رات جب بستر پر تشریف لے جاتے، تو دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر ان میں پھونک مارتے اور ان پر قُل هُوَ اللهُ أَحَد قُل أعوذُ بِربِ الفلقِ اور قُل أعوذُ بربِ الناسِ پڑھتے پھر ان دونوں ہاتھوں کو جہاں تک ممکن ہوتا اپنے جسم پر پھیرتے تھے پہلے سر مبارک اور چہرہ اور جسم کے اگلے حصے پر ہاتھ پھیرتے آپ ﷺ یہ عمل تین مرتبہ کرتے تھے

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تھا کہ جب آپ سونے کے لیے بستر پر تشریف لے جاتے، تو دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر اوپر اٹھاتے -جیسے دعا کرنے والا اٹھاتا ہے- پھر دونوں میں اپنے منہ سے معمولی تھوک کے ساتھ ہلکی پھونک مارتے اور ان تین سورتوں کی تلاوت کرتے: قُل هُوَ اللهُ أَحَد قُل أعوذُ بِربِ الفلقِ اور قُل أعوذُ بربِ الناسِ پھر دونوں ہتھیلیوں کو جہاں تک ممکن ہوتا اپنے جسم پر پھیرتے پہلے سر پھر چہرہ اور جسم کے اگلے حصے پر ہاتھ پھیرتے ایسا تین دفعہ کرتے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65060